سوال

پولیو ویکسین

جواب

بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا شرعی طور پر کیسا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پولیو ویکسین کے بارے میں حتمی رائے تو مکمل تحقیق کے بعد ہی دی جا سکتی ہے کہ آیا یہ صحت کے مفید اور نفع بخش چیز ہے یا امت کے خلاف کوئی سازش ہے۔ ڈاکٹروں کی تحقیق کے بعد اگر تو یہ ثابت ہوجاتا ہے کہ یہ ایک مفید اور نفع بخش دوائی ہے تو پھر اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے ،اگرچہ لوگوں میں جیسی بھی افواہیں گردش کر رہی ہوں، کیونکہ میڈیکل کے شعبے میں میڈیکل کا ماہر آدمی ہی صحیح رائے دے سکتا ہے۔ لیکن اگر یہ مضر صحت ثابت ہوجائے تو پھر اس کا استعمال ناجائز ہوگا۔ ابھی ہمارے پاس اس کی کوئی مستند تحقیق موجود نہیں ہے، اس لئے کوئی حتمی رائے نہیں دی جا سکتی ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ